FAIRTRADE
NETWORK OF ASIA &
PACIFIC PRODUCERS

# بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ کے لئے Network of Asia and Pacific Producers کی پالیسی اور طریقۂ کار

**دسمبر 2017**

**کس پر نافذ کیا جاتا ہے:** کارکنان اور پروڈیوسرس کی Network of Asia and Pacific Producers (*NAPP*)، Fairtrade/NAPP تنظیموں، NAPP کے عملہ، NAPP کے ساتھ کام کرنے والے رضاکاروں، NAPP کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور متعدد کمیٹیوں، اور تنظیم کی نمائندگی کرنے والا کسی دوسرے شخص پر جو NAPP کے لئے کام کرتے یا رسمی طور پر سفر کرتے وقت بچوں یا زدپذیر بالغوں کے رابطہ میں آتا ہو۔

**حکمت عملی:** NAPP کی حکمت عملی یہ ہے کہ اس کے پاس ایسا نظام ہو جو بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ کو فروغ دیتا ہو، کہ ایسی کارروائیاں کی جائیں جن کا مقصد بچہ اور جبری مزدوری 0020 کا خاتمہ کرنا ہو جس میں متعلقہ بدسلوکی اور استحصال شامل ہے۔

**الف۔ مقصد:**

The United Nations Convention of the Rights of the Child اور The Universal Declaration of Human Rights افراد کے حقوق شامل کئے گئے اور انہیں فروغ دیا گیا ہے، ان میں دنیا بھر کے بچوں کے حقوق شامل ہیں۔

NAPP (Network of Asia and Pacific Producers) میں، ہم ان حقوق کی تائید کرتے ہیں اور ہم تحفظ، ترقی اور فلاح و بہبود کے سلسلے میں بچوں اور زدپذیر بالغوں کے حقوق کے اعتراف کو یقینی بنانے کی سمت کام کر رہے ہیں۔ ہم بچوں اور زدپذیر افراد کو کسی بھی یا سبھی خطرہ یا نقصان سے محفوظ رکھنے پر کام کرنے کے تئیں پرعزم ہیں۔

NAPP سبھی NAPP عملہ، چھوٹے پروڈیوسرس اور کارکنان کی تنظیموں، ہمارے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اس کے کمیشنوں، اور NAPP کے ذریعہ عارضی طور پر ٹھیکہ پر رکھے گئے کسی دیگر شخص سے امید کرتا ہے کہ وہ بچوں اور زدپذیر بالغوں کے ذریعہ بتائے گئے ان کے بہترین مفادات کو ہمارے ساتھ ان کے تعلقات کی بنیاد مانیں گے۔

بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ کی یہ پالیسی ہمارے اس موقف پر مبنی ہے جس کے اعتبار سے ان کے حقوق سبھی چیزوں سے اوپر ہیں، اور ہم یہ یقین دہانی کرانے کے تئیں پرعزم ہیں کہ ہمارے اعمال UN Convention on the Rights of the Child اور UN Declaration of Human Rights، بالخصوص بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ سے متعلق شقوں، کے مطابق ہیں۔

NAPP یہ یقینی دہانی کرانے میں مدد کرنے کی خاطر اقدامات کرے گی کہ ہم نقصان، بدسلوکی یا استحصال سے بچوں اور زدپذیر بالغوں کے حقوق کی حفاظت کرنے کے لئے کام کریں گے۔

**ب۔ تعریفات: *بچہ:*** کوئی بھی ایسا شخص جس کی عمر 18 سال سے کم ہو۔

***بچہ مزدوری:***

"بچہ مزدوری" کی کوئی عالمی تعریف موجود نہیں ہے لیکن بچہ مزدوری کی تعریف کرنے والی بنیادی بین الاقوامی اور قانونی ہدایات متعلقہ International Labour Organization (ILO) کے معاہدے اور UN Convention on the Rights of the Child(CRC) پر مشتمل ہیں۔

ILO کے مطابق، بچہ مزدوری ایسا کام ہے جو:

- بچوں کے لئے ذہنی، جسمانی، سماجی یا اخلاقی طور پر خطرناک، استحصالی اور نقصانده ہو؛ اور
- بچوں کی اسکولی تعلیم میں مداخلت کرتا ہو:
  - انھیں اسکول جانے کے موقع سے محروم کر کے؛
  - انھیں اسکول قبل از وقت چھوڑنے پر مجبور کر کے؛ یا
  - جس کی وجہ سے انھیں اسکول کی حاضری کے ساتھ ساتھ انتہائی طویل اور بھاری کام بھی کرنا پڑے۔

کام جسے خطرناک کام کہا گیا ہو کیونکہ، چاہے اپنی نوعیت یا ان حالات کی وجہ سے جن میں اسے انجام دیا جاتا ہو، وہ ایسے نوجوانوں یا بچوں کی جسمانی، ذہنی یا اخلاقی بہبود کو خطرہ میں ڈالتا ہو جو کام کرنے کی کم از کم عمر سے زیادہ عمر کے ہوں۔

بچہ مزدوری کی کوئی بھی یقینی طور پر بدترین شکل، جسے بین الاقوامی طور پر غلامی، انسانوں کی سوداگری، قرض کی ادائیگی کے لئے کم اجرت پر کی جانے والی مزدوری، یا دوسری قسم کی جبری مزدوری، جیسے کہ مسلح تنازعات میں استعمال کے لئے بچوں کی جبری بھرتی، تجارتی جنسی استحصال اور فحش ویڈیوز، یا غیرقانونی سرگرمیاں مانا گیا ہو۔

***بچوں کی حفاظت:***

NAPP میں بچوں کی حفاظت سے ہماری مراد ایسی کارروائیاں ہوتی ہیں جو بچوں کو مزدوری کی بدترین شکلوں، تشدد، استحصال، بدسلوکی اور نظراندازی سے تحفظ عطا کرتی ہوں، اور ساتھ میں بچوں کی بہبود اور ترقی کو سپورٹ کرتے ہوں۔

***بچوں کی بہبود اور ترقی:***

بچے ترقی کرتے ہیں، وہ کارآمد بالغوں اور فعال شہری ہونے کی تیاری میں، اہلیتیں اور علم حاصل کرتے ہیں، اور ان کا یہ عمل بہبود کے مثبت ماحول میں انجام پاتا ہے۔ مہارتوں اور علم کا حصول رسمی/پیشہ وارانہ تعلیم کے ذریعہ اور کام و زندگی کے تجربات، بشمول کھیل، کے ذریعہ عمل میں آتا ہے۔

***جبری مزدوری:***

جبری مزدوری میں ایسا کام یا خدمت شامل ہے جسے کسی شخص سے دھمکی کے بل پر یا جرمانہ کے طور پر تحت کرایا جائے یا جس کے لئے مذکورہ مرد/عورت نے خود کو رضاکارانہ طور پر پیش نہ کیا ہو، نیز اس میں غلامی، اغوا، عوامی اور جیل کے کاموں کا غلط استعمال، جبری بھرتی، قرض کی ادائیگی کے لئے کم اجرت پر کی جانے والی مزدوری اور جبری مزدوری حالات کے تحت گھریلو کارکنان، اور مزدوری یا جنسی مقاصد کے لئے قومی یا بین الاقوامی انسانوں کی سوداگری شامل ہیں، جن میں غلامی اور غلامی جیسے اعمال بھی آتے ہیں۔ جبری مزدوری سے متعلق ILO کی تعریفات میں بچہ مزدوری کی غیرمشروط بدترین شکلیں شامل ہیں۔ (ILO 182 میں دی گئی تعریف کے مطابق)

***زدپذیر بالغ فرد:***

ایسا مرد/ایسی عورت جس کی عمر 18 سال سے زائد ہو اور جو جبری مزدوری کے اعمال کی وجہ سے ہونے والے نمایاں نقصان یا سنگین استحصال سے خود کو محفوظ رکھنے کا/کی اہل نہ ہو۔

**ج: پالیسی کا دائرۂ کار:**

یہ پالیسی سبھی NAPP عملہ، اور NAPP Board of Directors اور اس کی کمیٹیوں پر لاگو ہے۔ اس میں ان ذمہ داریوں اور طریقہ ہائے کار کی وضاحت ہے جن پر عمل کرنا ایسے سبھی افراد کے لئے ضروری ہے جو تنظیم کی نمائندگی کرتے ہوں اور/یا جنہیں تنظیم کے ذریعہ ٹھیکے پر رکھا گیا ہو، اور جو خاص طور پر NAPP کے لئے کام کرتے یا سفر کرتے وقت بچوں کے ربط میں آتے ہوں۔

مزید، NAPP نیشنل نیٹ ورکس اور چھوٹے پروڈیوسرس اور کارکنان کی تنظیموں کو اس بات کی بھی دعوت دیتا ہے کہ وہ اس پالیسی کے استعمال کو اپنے خود کے ڈھانچوں اور/یا اس NAPP عمومی پالیسی کی بنیاد پر بننے والی اپنی خود کی پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کے فروغ کے اندر بڑھاوا دیں۔

**د۔ قرارداد:**

**NAPP بچوں اور زدپذیر بالغوں کی بہبود کی حمایت میں احتیاطی اقدامات کرنے، اور ضرورت پڑنے پر**، بدسلوکی یا استحصال کے ہر معاملے میں، بچہ مزدوری یا جبری مزدوری کی بدترین شکلوں سمیت جو اس براعظم (ایشیا اور بحرالکاہل) میں Fair Trade پروڈکشن کے سیاق میں پیش آسکتی ہوں، **طویل مدتی تحفظ کا سبب بننے والی معاونت فراہم کرنے کے تئیں پرعزم ہے۔**

ان کارروائیوں سے، NAPP چاہتا ہے کہ وہ بچوں، نوجوانوں اور زدپذیر بالغوں کو کسی بھی نقصان سے فعال طور پر محفوظ کرے، اور تحفظ کے تئیں بچوں اور زدپذیر بالغوں کے حقوق کے مکمل استعمال کو فروغ دے۔ ہم بچوں اور زدپذیر بالغوں کے لئے محفوظ اعمال کو فروغ دینے کے تئیں اپنی ذمہ داری، نیز انھیں خراب برتاؤ، بدسلوکی اور کسی بھی قسم کے استحصال کی سبھی شکلوں سے محفوظ رکھنے کی خاطر کارروائی کرنے کو سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ مزید یہ کہ، ہم بدسلوکیوں یا استحصال کی رپورٹ کرنے والے بچوں اور بالغوں کی حفاظت کرنے کے لئے کارروائیاں کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔

یہ اعمال بنیادی طور پر درج ذیل پر مرتکز ہوں گے:

- NAPP کے عملہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز، نیشنل نیٹ ورکس، پروڈیوسرس اور کارکنان کی تنظیموں، Fairtrade پروڈکشن کے زیراثر علاقہ میں رہنے والی کمیونٹیوں (جہاں ممکن ہو)، رضاکاروں اور تنظیم کی نمائندگی کرنے والے کسی دیگر شخص کے لئے تربیت۔ یہ تربیت بچہ مزدوری اور جبری مزدوری کی بدترین شکلوں سمیت بچہ مزدوری کی تعریف، اور اس تعلق سے بات کرنے والے Fairtrade معیاروں کی تعمیل پر مرکوز ہو گی۔
- بچوں کی ترقی، زدپذیر بالغوں کی بہبود اور نسلی تبادلہ (generational replacement) پر مرکوز پروجیکٹوں کے نفاذ میں رکن تنظیموں کو امداد۔
- بچہ مزدوری اور جبری مزدوری، بشمول صنف پر مبنی تشدد کے الزامات یا واقعات، کی شناخت کرنے اور ان پر ردعمل کرنے میں پروڈیوسر تنظیموں کو امداد۔

- Fairtrade International یا دیگر ماہرین کے ذریعہ تیار کردہ، نوجوانوں کو شامل، مبنی بر کمیونٹی نگرانی اور تدارک نظام کے نظاموں کو قائم کرنے میں دلچسپی رکھنے والی رکن تنظیموں کو تکنیکی امداد۔
- بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ میں تخصص رکھنے والی ایسی ایجنسیوں کے ساتھ اتحادوں کی تخلیق، جو UN Convention on the Rights of the Child پر بھی مبنی ہیں اور جو ILO 138 نیز ILO 182 کی تعمیل کو فروغ دیتی ہیں، اور جو ILO معاہدوں 29 اور 105 پر مبنی ہیں، بشمول جبری مزدوری اور امتیاز سے متعلق 111 تاکہ وہ واضح شہادت کے پیش ہونے کی صورت میں ہمیں معاونت اور مشورہ فراہم کر سکیں، تاکہ متعلقہ تحفظاتی اداروں یا ماہر تنظیموں کو اس کی رپورٹ کر کے ایسے متاثرہ افراد کو مزید نقصان نہ پہنچے کو یقینی بنایا جا سکے جن کے بچہ یا جبری مزدوری میں مبتلا ہونے کا شبہہ ہو یا جنہیں صنف پر مبنی تشدد کا سامنا ہو۔
- ہم یہ عہد بھی کرتے ہیں کہ ہمیں Fair Trade پروڈکشن یا پروسیسنگ کے علاقہ میں پیش آنے والے بچوں یا زدپذیر بالغوں کے ساتھ جس بھی بدسلوکی یا استحصال کے اعمال کا علم ہو گا اس کے بارے میں ہم متعلقہ قومی تحفظاتی اداروں اور حکام کو مطلع کریں گے، ایسا کرتے وقت ہم رازداری کی اعلی ترین سطح کو برقرار رکھیں گے۔ ہمارے فیصلوں اور اعمال میں "بچوں یا زدپذیر بالغوں کے بہترین مفاد" کے اصول کا خیال رکھا جائے گا، نیز ہم ان کی راست بازی کا تحفظ کریں گے۔

**ھ:طریقہ ہائے کار:**

درج ذیل طریقہ ہائے کار کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ NAPP کاعملہ نیز NAPP بورڈ آف ڈائریکٹرز، کمیشنس اور تنظیم کی نمائندگی کرنے والے اور/یا اس سے جڑے ہوئے افراد اور/یا تنظیمیں:

- انسانی حقوق کے نقطۂ نظر سے بچہ مزدوری کی بدترین شکلوں کوسمجھیں گے/گی، جیسے کہ غلامی، بچوں کی سوداگری، قرض کی ادائیگی کے لئے کم اجرت پر کی جانے والی مزدوری اور جبری مزدوری کی دیگر شکلیں، جیسے کہ مسلح تنازعات میں استعمال کے لئے بچوں کی جبری بھرتی، تجارتی جنسی استحصال اور فحش ویڈیوز، یا غیرقانونی سرگرمیاں۔
- بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ کی توقعات کو سمجھیں گے/گی، اور NAPP کے ضابطۂ اخلاق کی پاسداری کریں گے/گی، جیسا کہ **ضمیمہ اے** میں بیان کیا گیا ہے۔
- بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ کے لئے NAPP کی پالیسی اور طریقہ ہائے کار کو سمجھیں اور ان کا بچاؤ کریں گے/گی، اور ضمیمہ بی میں دیے گئے ایک مخصوص فارم پر درستخط کر کے اس کی تصدیق کریں گے/گی۔
- یہ سمجھیں گے/گی کہ تشدد، استحصال اور بدسلوکی کے الزامات کے ان معاملات کی محفوظ طور پر کہاں رپورٹ کرنی ہے، اور بچوں اور زدپذیر بالغوں کی حفاظت کرنے کی خاطر محفوظ کارروائی کرنے کے لئے ایک فرد کے طور پر کن اقدامات کی پیروی کرنی ہے۔

یہ سبھی چیزیں سمجھنے کے ساتھ، NAPP کا عملہ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز اینڈ کمیشنس:

- CEO یا اس کے نامزد افراد کو، NAPP کے لاگو طریقہ ہائے کار کے مطابق اور ضمیمہ سی میں دیے گئے رپورٹ فارم کو استعمال کر کے، کسی بھی ایسے معاملے کی رپورٹ کریں گے/گی جس کے لئے بچوں یا زدپذیر بالغوں کے ساتھ بدسلوکی یا استحصال کے تعلق سے معتبر معلومات ہوں۔

NAPP چیئر کو الزامات اور معاملات کی اطلاع دی جائے گی اور وہ متاثرہ بچے یا زدپذیر بالغ کی حفاظت کرنے کے لئے تجویز کردہ مجموعی کارروائیوں کے بارے میں فیصلے کرنے کے لئے CEO اور اس کے نامزد افراد کے ساتھ مل کر کام کرے گا/گی۔ CEO یا اس کے نامزد افراد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ بچے یا زدپذیر بالغ کے بہترین مفادات کی بنیاد پر کارروائی کرنے سے متعلق فیصلے پرعمل درآمد کرے، جن مفادات کی شناخت بچوں اور زدپذیر بالغوں کے حقوق کے تعلق سے مہارت کی حامل تنظیموں کے اصولوں کے مطابق کیا جائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ معاملہ کی براہ راست یا بالواسطہ رپورٹنگ کسی ایسی تحفظاتی ایجنسی یا ایجنٹ کو کی جائے جو بچوں اور زدپذیر بالغوں کے قومی تحفظ کا/کی ذمہ دار ہو، جس سے بچوں اور زدپذیر بالغوں کی طویل مدتی بہبود کو یقینی بنایا جا سکے گا۔

- NAPP کے لاگو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، کسی بچے یا زدپذیر بالغ کے ساتھ ممکنہ بدسلوکی یا استحصال کے بارے میں معتبر معلومات پر ردعمل کریں گے/گی، اور ایسی کارروائیاں کریں گے/گی جن سے کیس کی رپورٹنگ عمل میں آئے گی، ایسا کرتے وقت بچوں اور زدپذیر بالغوں کے بہترین مفادات کی ہمیشہ پاسداری کریں گے/گی، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ ہم اپنی کارروائیوں کے ذریعہ انھیں مزید نقصان نہیں پہنچاتے ہیں۔

- NAPP کے/کی CEO یا اس کے نامزد افراد کے ذریعہ درخواست کیے جانے پر، بچوں یا زدپذیر بالغوں کے ساتھ بدسلوکی یا استحصال کی کسی بھی تفتیش میں پورے طور پر اور رازداری کے ساتھ تعاون کریں گے/گی۔ کوئی بھی فرد (ملازم، اجرت پر رکھا گیا کارکن یا NAPP کا نمائندہ) CEO یا اس کے نامزد افراد کے ذریعہ کوئی مخصوص درخواست موصول کیے بغیر تفتیش انجام نہیں دے سکتا نہ ہی اضافی معلومات تخلیق کر سکتا ہے۔

- ایک ایسا ماحول بنانے میں تعاون کریں گے/گی جس میں خاص طور پر بچوں کی ان کی پریشانی اور حقوق کے بارے میں بات کرنے پر احترام اور حوصلہ افزائی کی جائے۔

- بچوں کی تصاویر لینے، ویڈیو بنانے یا ان کا انٹرویو لینے سے پہلے ہمیشہ بچوں سے اجازت کی درخواست کریں گے/گی (والدین یا سرپرستوں سے ایک اجازت نامہ پر دستخط کرنے کو کہیں گے/گی)۔ اگر وہ ان میں سے کسی بھی امکان پر "نہیں" کہتے ہیں تو ان کے فیصلے کا احترام کریں گے/گی۔ بچوں کی کہانیاں اور تصاویر ان کی بہترین دلچسپیوں پر مبنی ہونی چاہئیں۔ بچہ مزدوری یا جبری مزدوری کے شکار، صنف پر مبنی تشدد سمیت، کسی بھی بچے یا زدپذیر بالغ کی تصویر نہیں کھینچی جاسکتی ہے؛ تصویر کھنچوانے کے لئے ان کی رضامندی کو کالعدم قرار دیا جائے گا کیونکہ ان کی زدپذیری کی حالت رضامند ہونے کی اجازت نہیں دیتی ہے۔ تحفظ تمام معاملات سے بڑھ کر ہوگا۔

- اس بات سے آگاہ رہیں گے/گی کہ اگر بچوں یا زدپذیر بالغوں کے تحفظ کے سلسلے میں NAPP کے اہلکاروں، NAPP کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا کمیٹیوں، یا تنظیم کی نمائندگی کرنے والے کسی بھی دوسرے فرد کے رویے کے حوالے سے معلومات ہوں، اور/یا اس حفاظتی پالیسی کی عدم تعمیل کی بات ہو، تو بلا خوف و خطر NAPP کے/کی تربیت یافتہ CEO یا نامزد فرد کو اس کی رپورٹ کی جائے گی اور انہیں کے ذریعہ اس کی تفتیش کی جائے گی، اور/یا متعلقہ حکام کے پاس تفتیش کے لیے دائر شکایت کے ذریعے قانون کے مطابق تفتیش کی جائے گی۔ اگر CEO یا نامزد فرد کے خلاف کوئی الزام یا رپورٹ دائر کی جاتی ہے تو NAPP بورڈ کے اعلی مینجمنٹ عہدیدار اور/یا چیئر کو اطلاع دے کر معاملات کے تنازعہ کو ختم کیا جائے گا۔

- بچوں اور زدپذیر بالغوں کے لئے تحفظ کی پالیسی کے ان طریقہ کار سے واقفیت حاصل کریں گے/گی، اور بچہ مزدوری اور جبری مزدوری کے بارے میں Fairtrade معیاروں کی واضح جانکاری حاصل کریں گے/گی، خاص طور پر ان پہلوؤں کے تعلق سے جن میں کسی بچہ/زدپذیر بالغ کے تحفظ کے نقطۂ نظر سے ردعمل کی ضرورت ہوسکتی ہے، جیسا کہ موجودہ پالیسی میں اشارہ دیا گیا ہے۔

FAIRTRADE
NETWORK OF ASIA & PACIFIC PRODUCERS

**و: مواصلات کے طریقہ ہائے کار:**

- بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ کے عنوان سے متعلق تمام معلومات NAPP کی خصوصی معلومات ہیں، اور اس لئے ان معلومات کی اندرونی اور بیرونی مواصلات میں سخت طریقہ ہائے کار کی پیروی کی جائے گی جس کی بنا پر ملازمین اور/یا NAPP کے تحت کام کرنے والے افراد کو رازداری کے اضافی معاہدوں پر دستخط کرنے کی ضرورت ہوگی، جیسا کہ تنظیم کے قانونی نمائندے کے ذریعہ ضروری سمجھا جائے۔ اس تعلق سے معاملات کے اعتبار سے الگ الگ فیصلے کیے جائیں گے۔

- بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ کے موضوع سے متعلق تمام معلومات حساس نوعیت کی ہیں، اور ان معلومات کی مواصلت کے وقت مناسب احتیاطی تدابیر کا اختیار کرنا اہم ہے۔ بچوں کے تحفظ سے وابستہ معلومات فراہم کنندگان اور وصول کنندگان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو اچھی طرح جان لیں کہ صرف نامزد وصول کنندگان ہی ایسی معلومات کو موصول کرتے اور ان تک رسائی رکھتے ہیں۔ لہٰذا اس سلسلے میں کسی بھی مواصلت والی ای میل کے "عنوان" کے خانہ میں نیز ای میل کے متن اور منسلک دستاویزات میں بھی **خفیہ** کا لیبل لگایا جانا ضروری ہے۔

  کسی بھی وقت کوئی شخص خود سے یہ فیصلہ نہیں کرسکتا ہے کہ آیا بچوں یا زدپذیر بالغوں کی حفاظت کے لیے کسی اور ہستی یا فرد کے سامنے معلومات کا انکشاف کیا جائے گا یا کارروائی کی جائے گی، خواہ معلومات کو جاری کرنے یا کی جانے والی کارروائی کی تعیین کرنے والا شخص ایسا کرنے سے اس بات کا یقین رکھتا ہو کہ بچہ یا زدپذیر بالغ کے بہترین مفادات حاصل کیے جائیں گے یا ان کو برقرار رکھا جائے گا۔

- تحفظ کے بارے میں خصوصی معلومات کا حامل فرد اگر اس طرح کی معلومات کا Fairtrade سسٹم کے اندر یا اس کے باہر اشتراک کرنے کی خواہش رکھتا ہے تو اس کے لئے لازمی ہے کہ اپنی اس خواہش کے بارے میں NAPP کے/کی CEO یا اس کے نامزد افراد کے ساتھ تبادلہ خیال کرے۔ یہ اصول NAPP کے/کی CEO اور چیئرمین پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

- جب NAPP کے/کی CEO یا اس کے نامزد افراد کو صنف پر مبنی تشدد سمیت بچہ مزدوری یا جبری مزدوری کی بدترین اقسام کے بارے میں کوئی الزام یا معلومات موصول ہوں تو وہ 15 سے بھی کم دنوں میں اس معاملے کی رپورٹ کرنے کے لئے اقدامات کرنے کا/کی پابند عہد ہے۔

**ان معیاروں کو کس نے منظوری دی ہے؟**

NAPP کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے، اس عہد کے ساتھ کہ NAPP کی جنرل اسمبلی کے ذریعہ توثیق کے لئے انھیں پیش کیا جائے گا۔

Network of Asia and Pacific Producers – چیئر آف بورڈ

جناب گناناسیکرن راجارتنم

ضمیمہ اے

**NAPP بچوں اور زدپذیر بالغوں کے تحفظ کا ضابطۂ اخلاق**

میں،________________________________[نام داخل کریں]، تسلیم کرتا/تی ہوں کہ میں نے NAPP کی تحفظ پالیسی کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے، اور اس بات سے اتفاق کرتا/تی ہوں کہ NAPP کے ساتھ اپنی وابستگی کے دوران میں لازمی طور پر:

- بچوں اور/یا زدپذیر بالغوں کے ساتھ نسل، رنگ، جنس، زبان، مذہب، سیاسی یا دیگر رائے، قومی، نسلی یا معاشرتی اصل، جماعتی خصوصیات، معذوری، پیدائش یا دیگر حیثیت سے قطع نظر، احترام کا سلوک کروں گا/گی
- بچوں یا بالغوں کے لیے ایسی زبان یا سلوک کا استعمال نہیں کروں گا/گی جو نامناسب، ہراساں کرنے والا، بدسلوکی والا، جنسی طور پر بھڑکانے والا، ذلیل کرنے والا یا ثقافتی طور پر نامناسب ہو
- 18 سال سے کم عمر بچوں کو کسی بھی طرح سے جنسی تعلقات یا جنسی سرگرمی میں شامل نہیں کروں گا/گی، ان میں جنسی خدمات یا اعمال کے لیے پیسہ ادا کرنا شامل ہے
- NAPP، پروڈیوسر تنظیموں یا شراکت دار تنظیموں میں کام کرنے والے 18 سال سے زیادہ عمر کے کسی فرد کے ساتھ، کسی بھی طرح کی جنسی ہراسانی یا اس سے متعلق بد سلوکی میں ملوث نہیں ہوں گا/گی
- جہاں کہیں بھی ممکن ہو، اس بات کو یقینی بناؤں گا/گی کہ بچوں یا زدپذیر بالغوں کے قریب کام کرتے وقت کوئی اور بالغ موجود ہو،
- تنہا بچوں کو اپنے گھر میں مدعو نہیں کروں گا/گی، سوائے یہ کہ ان کو چوٹ کا فوری خطرہ یا جسمانی خطرہ ہو، اور ایسی صورت میں نگراں سے اجازت لینا نیز کسی اور بالغ فرد کا موجود ہونا ضروری ہے۔
- جو بچے نگرانی میں نہ ہوں ان کے قریب نہیں سوؤں گا/گی۔
- کسی بھی کمپیوٹر، موبائل فون، ویڈیو کیمرے، کیمرے یا سوشل میڈیا کا مناسب استعمال کروں گا/گی، اور کبھی بھی بچوں یا زدپذیر بالغوں کا استحصال یا انہیں ہراساں کرنے کے لیے کسی بھی وسیلے سے استحصالی مواد تک رسائی حاصل نہیں کروں گا/گی
- بچوں پر جسمانی سزا کا استعمال نہیں کروں گا/گی
- گھریلو یا دیگر ایسے کام کے لیے بچوں کی خدمات حاصل نہیں کروں گا/گی جو ان کی عمر یا ترقیاتی مرحلے کی وجہ سے نامناسب ہو، جو ان کی تعلیم اور تفریحی سرگرمیوں کے لئے دستیاب وقت میں مداخلت کرے، یا جس سے انہیں چوٹ کا نمایاں خطرہ ہو
- تمام متعلقہ مقامی قوانین کی تعمیل کروں گا/گی، جن میں صنف پر مبنی تشدد سمیت بچہ اور جبری مزدوری سے متعلق مزدوری قوانین شامل ہیں۔
- استحصال و بدسلوکی اور پالیسی کی عدم تعمیل کے خدشات یا الزامات کی NAPP تحفظ پالیسی میں طے شدہ مناسب طریقہ ہائے کار کے مطابق فوری طور پر اطلاع دوں گا/گی
- استحصال اور بدسلوکی سے متعلق اور NAPP کے ساتھ میری وابستگی سے پہلے یا اس کے دوران واقع ہونے والے کسی بھی جرم کے سارے الزامات، سزایابیوں اور دیگر نتائج کا فوری طور پر انکشاف کروں گا/گی

میں سمجھتا ہوں کہ اس ضابطۂ اخلاق کی کسی بھی خلاف ورزی کے بارے میں، مناسب طریقہ کار کے مطابق فوری طور پر اطلاع دی جانی چاہئے، اور ہوسکتا ہے کہ اس کے نتیجے میں NAPP کے ساتھ ملازمت کو معطل یا ختم کر دیا جائے۔

دستخط شدہ:　　　　　　　　　　مؤرخہ: **17 جنوری 2020**

**بورڈ کے چیئر**: جناب گناناسیکرن راجارتنم

**اعلی انتظامی افسر**: جناب سنجیت سنگھ کھورانا

**ضمیمہ بی**

**پابند عہد ہونے کا اعلان**

میں،_____________________________________، the NAPP Protection of Children and Vulnerable Adults Policy پالیسی سے مانوس ہو گیا/گئی ہوں اور میں اس کی پاسداری کا عہد کرتا/تی ہوں۔

دستخط شدہ: مؤرخہ:

نام :
عہدہ :

**ضمیمہ سی تحفظ سے متعلق رپورٹ کرنے کا فارم[2]**

*ضمیمہ اے - تحفظ سے متعلق رپورٹ کرنے کا فارم 1[2]*
**ابتدائی رپورٹ**

**خفیہ - نیچے کی چیزوں کا اشتراک صرف 'جاننے کی ضرورت' کی بنیاد پر کیا جائےگا**

**زیادہ سے زیادہ معلومات شامل کر کے فارم مکمل کریں ۔**

**کس چیز کی رپورٹ کی جارہی ہے؟**
☐ بدسلوکی کا الزام - عمومی شبہہ/تشویش کہ شاید بدسلوکی ہورہی ہے
☐ بدسلوکی کا واقعہ - اصل بدسلوکی کا مشاہدہ
☐ تحفظ سے متعلق شکایت - بچے اور/یا بالغ کے ذریعہ انکشاف

**رپورٹ کی تفصیلات:**

وقت: __________ تاریخ: ________ جگہ: ______________________________________________
________________________________

**رپورٹ کرنے والے/والی کی تفصیلات:**

نام: ________________________________ قومیت: ____________________________________________

پتہ/ رابطہ کی تفصیلات:
______________________________________________________________________________________________
______________________________________________________________________________________________

تاریخ پیدائش: _______________ عمر: _________ جنس: ________ (مرد/عورت)

متاثرہ شخص سے رشتہ:
______________________________________________________________________________
پیشہ: ___________________________ آجر: __________________________________________

**مبینہ متاثرہ شخص کی تفصیلات:** *(اگر معلوم ہو تو زیادہ سے زیادہ معلومات دیں)*